# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

## شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجوکیشن اینڈ کیئر

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق یں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علم التعلیم (9443) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس (04 سالہ)

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1تا4)

سوال نمبر 1 اسلامی تعلیم کے مقاصد پر تفصیلی بحث کریں اور واضح کریں کہ یہ مقاصد فرد اور معاشرے کی تعمیر میں کیا کردار ادا کرتے ہیں۔ 20

سوال نمبر 2 اسلامی تعلیم میں رویوں اور اقدار کی اہمیت کا تجزیہ کریں۔ 20

سوال نمبر 3 اسلامی نقطۂ نظر سے قابلیتِ تعلیم کے مختلف مظاہر بیان کریں اور ان کی تعلیمی اہمیت واضح کریں۔ 20

سوال نمبر 4 نظم وضبط کے اسلامی تصور کی وضاحت کریں اور تعلیمی اداروں میں اس کے اطلاق کا جائزہ لیں۔ 20

سوال نمبر 5 استاد اور شاگرد کے تعلقات کے بنیادی اصول بیان کریں اور مؤثر تعلیم و تعلم میں ان کی اہمیت پر بحث کریں۔ 20

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5تا9)

سوال نمبر 1 تعلیمی مقاصد، نصاب اور طریقۂ تدریس کے باہمی تعلق کا تجزیہ کریں اور تعلیمی نتائج پر ان کے اثرات واضح کریں۔ 20

سوال نمبر 2 کتاب میں بیان کردہ مختلف طریقہ ہائے تدریس کا تنقیدی جائزہ لیں اور ان میں سے مؤثر ترین طریقوں کے حق میں دلائل پیش کریں۔ 20

سوال نمبر 3 پاکستان کی مختلف قومی تعلیمی پالیسیوں کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی کامیابیوں اور ناکامیوں پر بحث کریں۔ 20

سوال نمبر 4 پاکستان میں تعلیمی انتظامیہ، اساتذہ اور نصاب کے کردار کا تجزیہ کریں اور معیارِ تعلیم کی بہتری کے لیے تجاویز پیش کریں۔ 20

سوال نمبر 5 پاکستانی نظامِ تعلیم کو درپیش عصری چیلنجز کا جائزہ لیتے ہوئے ایک مؤثر اور منصفانہ تعلیمی نظام کے لیے سفارشات مرتب کریں۔ 20